Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر (۱۳) | مطبوعہ روز چہارشنبہ تاریخ ۱۳ جمادی الثانی سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۹ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء | جلد (۵۳)

گزٹ غیر معمولی

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری اشاعت اعلان

واقع ۷ جولائی سنہ ۱۹۴۱ء

ایک قطعہ اعلان منسلکہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب گورنمنٹ اپنی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ غیر معمولی [illegible]

اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں۔ [illegible]

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۸۱ تحتی قاعدہ (۲) قواعد تحفظ ہند ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ جملہ اشخاص کو جن کے قبضہ میں مندرجہ ذیل مادہ ہائے آتش گیر ہوں خواہ وہ سیال حالت میں ہوں، یا منجمد ہوں یعنی سوڈیم بائیکرومیٹ (Sodium Bichromate) پوٹیشیم بائیکرومیٹ (Potassium Bichromate) اور کروم الم (Chrome alumn) یا پروپرائٹری کمپاؤنڈ (Proprietary Compound) جس میں اسی قسم کے اجزاء ہوں، امور ذیل کی پابندی لازم ہوگی:- یعنی

(۱) مادہ ہائے آتش گیر جو اس کے قبضہ یا اختیار میں ہوں ان کو نہ تو استعمال کریگا نہ فروخت کرے گا، نہ تبادلہ کریگا، نہ بنائے گا اور نہ کسی دیگر طریقہ سے منتقل کریگا لیکن شرط یہ ہے کہ ایسے اشخاص جن کے پاس مادہ ہائے آتش گیر کا اسٹاک ہو وہ ان کو خود استعمال میں لاسکتے ہیں۔ اگر گورنمنٹ کے جنگی معاہدہ جات کی تعمیل میں ان کی ضرورت ہو۔

(۲) اشخاص متذکرہ بالا مادہ ہائے آتش گیر کی بابت جو انکے قبضہ میں ہوں یا حاصل ہونیوالے ہوں یا جن کی بابت آرڈر دیا گیا ہو ایک نقشہ تاریخ ۱۵ر جولائی ۱۹۴۱ء تک عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کے روبرو پیش کریں۔

گورنمنٹ رامپور یہ بھی ہدایت کرتی ہے کہ جملہ کاریگران مادہ ہائے متذکرہ بالا بذریعہ تحریر تاریخ ۱۵ر جولائی ۱۹۴۱ء تک عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کو اس امر سے مطلع کریں کہ وہ ایک ماہ کی مدت میں کس قدر مال واقعی یا تخمینی طور پر تیار کرتے ہیں۔

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)